# شاندار نیلام عام کنٹونمنٹ بورڈ جہلم کینٹ

## نیلامی حقوق وصولی اڈا پارکنگ فیس / ٹال ٹیکس / چنگ چی رکشہ پارکنگ فیس برائے سال 2025-تا-2028 جہلم چھاؤنی

بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ جہلم اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مدت تین سال (از یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2028) کا نیلام عام مورخہ 17-6-2025 بوقت 1 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ جہلم میں منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 18-6-2025 کو ہو گی اور سہ بارہ نیلامی مورخہ 19-6-2025 کو اسی وقت اور مقام پر ہو گی۔

| سیریل نمبر | تفصیل برائے ٹھیکہ جات | مدت برائے ٹھیکہ | زر بیعانہ |
|---|---|---|---|
| 1. | اڈہ پارکنگ فیس | 01-07-2025 To 30-06-2028 | پچاس لاکھ |
| 2. | ٹال ٹیکس | 01-07-2025 To 30-06-2028 | دس لاکھ |
| 3. | چنگ چی رکشہ پارکنگ فیس | 01-07-2025 To 30-06-2028 | دس لاکھ |

**<u>نیلامی میں حصہ لینے کے لیے شرائط و ضوابط:۔</u>**

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے سے قبل زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ کسی بھی شیڈول بینک سے بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر جہلم چھاؤنی بمعہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا ہوگی۔

۲۔ ٹھیکہ جات کی بولی فی سال کے حساب سے ہوگی اور عرصہ مدت معاہدہ / ٹھیکہ تین سال کے لئے ہوگا۔ دوسرے اور تیسرے سال کے ٹھیکہ میں سالانہ 10% فیصد کمپاؤنڈ اضافہ کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ اپنی کل بولی کی چھے (06) ماہ کی اقساط علاوہ زر بیعانہ موقع پر بطور زر ضمانت / سیکورٹی جمع کرانے کا پابند ہوگا عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی۔ اور جمع شدہ زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ جہلم ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر موجو بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ تا وقت حتمی منظوری نیلامی دفتر ھذا میں جمع رہے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کی سیکورٹی ٹھیکہ کی حسن تکمیل مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کردی جائے گی مذکورہ سیکورٹی کی رقم ماہانہ اقساط میں ہرگز ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد پر تین سال کے ایڈوانس پوسٹ ڈیٹڈ (Post Dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی پانچ تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی دس تاریخ کے بعد تین دن کے نوٹس پر ٹھیکہ / معاہدہ منسوخ تصور ہوگا اور زر ضمانت / سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ جہلم ضبط کر لیا جائے گا۔

۴۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین / شرح کے تحت ہوگا جو کہ چھے (06) ماہ کی اقساط زر ضمانت / سیکورٹی کے ساتھ جمع کرانا ہوگا اور گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ایکٹ 2018 کے مطابق کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکہ دار ٹھیکہ کی کل رقم کے 0.25% کی سٹیمپ ڈیوٹی ادا کرے گا

۵۔ بولی کی منظوری کے اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ اقساط کی بنیاد پر ہوگی، دفتر ھذا میں جمع کرانا ہوگی۔ جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ جہلم سے E-Stamp پیپر پر ایک تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹر کرانا لازم ہوگا۔

۶۔ ٹھیکیدار شرح برائے اڈہ / پارکنگ فیس / ٹال ٹیکس / چنگ چی رکشہ فیس کے بورڈ احاطہ کے اندر اور باہر یا کسی مناسب جگہ پر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔

۷۔ منظور کردہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کو جرمانہ کیا جائے گا۔ تین مرتبہ جرمانہ ہونے کی صورت میں فائنل وارننگ جاری کی جائے گی۔ اس کے بعد دوبارہ اس قسم کے کسی بھی واقعہ کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔

۸۔ بولی دہندہ / ٹھیکیدار بجلی بل وغیرہ خود ادا کرے گا اور ایریا کی صفائی اور سیکورٹی کا انتظام اپنے طور پر کروانے کا پابند ہوگا۔ صرف N.O.C دفتر ھذا کی طرف سے جاری کیا جائے گا۔

۹۔ نیلامی میں حصہ لینے والے افراد / فرم / کمپنیز کا FBR کی Active Tax Payer لسٹ پر ہونا لازمی ہے۔ ڈالفالٹر افراد / فرم / کمپنیز مذکورہ بولی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ کنٹونمنٹ بورڈ کے نامندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

۱۰۔ کینٹ بورڈ جہلم اور ٹھیکیدار کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوتا ہے تو معاملہ ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس لاہور ریجن لاہور کے پاس بطور واحد ثالث حوالہ کیا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ اور اسے کسی بھی عدالت میں یا کسی اور فورم پر چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

۱۱۔ مذکورہ بالا شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کنٹونمنٹ بورڈ جہلم سات یوم کے نوٹس پر معاہدہ نیلامی منسوخ کر دے گا اور زر ضمانت ضبط کر لیا جائے گا اور بقایا رقم قانونی طریقے سے وصول کی جائے گی۔

۱۲۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کنٹونمنٹ بورڈ جہلم PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

۱۳۔ دیگر شرائط دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر جہلم چھاؤنی

CamScanner